QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر: کیسکو پی آر 239

صارفین بجلی کی شکایات کیلئے ہیلپ لائن 118 پر براہ راست کال کریں

کوئٹہ:16اپریل 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) نے صارفین کی سہولت کے لئے بجلی سے متعلق شکایات کے اندراج اور اسکے فوری ازالے کیلئے ہیلپ لائن 118 متعارف کرائی ہے۔کیسکو ہیلپ لائن کا مقصد بجلی صارفین کی شکایات کو ٹریک اینڈ ٹریس سسٹم کے زریعے مانیٹرنگ کر کے اُن کا ازالہ برقت یقینی بنانا ہے۔کیسکو کے تمام صارفین بجلی بندش،لوڈ شیڈنگ،ٹرانسفارمرز کی خرابی اور وولٹیج جیسے مسائل کے حل اور اُن کے بروقت ازالے کیلئے براہ راست ہیلپ لائن 118 پر کال کر سکتے ہیں۔صارفین کی جانب سے 118 پر شکایت موصول ہونے کے بعد فوری کارروائی عمل میں لا کر مختصر وقت میں صارفین کی شکایات کے ازالے کو یقینی بنایا جاتا ہے۔لہٰذا کیسکو کے تمام صارفین بجلی مسائل کے حل کیلئے 118 پر کال کر کے اپنی شکایات درج کروائیں۔